طباعت وکتابت بہتر قیمت عہ/ پتہ :- مکتبہ جامعہ دہلی و نئی دہلی۔ لکھنؤ و لاہور۔

لندن کی مشہور سائنس کی سوسائٹی (Royal Institution.) کا یہ معمول رہا ہے کہ وہ ہر سال کرسمس کے موقع پر کسی برگزیدہ سائنس داں کو کسی سائنس کے مسئلہ پر تقریر کرنے کی دعوت دیتی ہے چنانچہ اسی سلسلہ میں اس نے سر جیمز جینس کو بھی سنہ ۱۹۳۳ء / سنہ ۱۹۳۴ء میں لکچر دینے کی دعوت دی تھی جو بعد میں "Through Space and Time" کے نام سے شائع کر دیئے گئے تھے یہ لکچر دس چیزوں یعنی زمین، ہوا، آسمان، ماہتاب سیارے، سورج، ستارے اور سدیم سے متعلق ہیں۔ ترجمہ اتنا سہل اور آسان ہے کہ اس کتاب سے چھوٹا بڑا ہر شخص استفادہ کر سکتا ہے۔ اسکول کے کورس میں بھی اسے شامل کیا جا سکتا ہے۔ "سر جیمز جینس سائنس کی دنیا کے مشہور فاضل اور عالم ہیں ان کی یہ تقریریں اردو میں منتقل ہو جانے کے بعد اب اس قابل ہیں کہ ہر اردو خواں ان کا مطالعہ کرے۔

خطابیات | از شیخ رحیم الدین صاحب کمال ظہیر آبادی تقطیع خورد ضخامت ۹۰ صفحات کتابت وطباعت معمولی۔ قیمت ۱۲/ پتہ :- ادارۂ ادبیات حیدر آباد دکن۔

یہ کتاب "فن تقریر" کا دوسرا حصہ ہے جس پر برہان کی کسی اشاعت میں تبصرہ ہو چکا ہے۔ اس کتاب میں پہلے نواب بہادر یار جنگ کا ایک مختصر مقدمہ ہے۔ پھر تقریر کے ارتقار، اثر پذیری اور مقرر کی قائدانہ خصوصیات کا تذکرہ ہے اس کے بعد موضوع اور عنوان کے اعتبار سے تقریر کی مختلف قسمیں کر کے ان اقسام کے نمونے پیش کئے گئے ہیں اور پھر ہندوستان کے بعض بعض مشہور خطیبوں اور مقرروں کی تقریروں کے اقتباسات نقل کئے گئے ہیں۔ کتاب بحیثیت مجموعی دلچسپ ہے۔

پنجابی گزٹ جنگ نمبر | مرتبہ شیخ محمد نقی صاحب نور دہلوی۔ کاغذ اور کتابت وطباعت متوسط۔ قیمت درج نہیں ملنے کا پتہ :- دفتر رسالہ پنجابی گزٹ دہلی۔

دہلی کی پنجابی برادری کے آرگن "پنجابی گزٹ" نے جولائی کا پرچہ جنگ نمبر کے نام سے شائع کیا ہے جو